© rasailojaraid.com

سو روپے ہے اور اسے جمعیۃ پبلی کیشنز، متصل مسجد پائلٹ ہائی اسکول، وحدت روڈ لاہور سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## ''تذکار محمود رحمہ اللہ تعالیٰ''

۱۹۹۶ء کے دوران بنوں میں حضرت مولانا مفتی محمود رحمہ اللہ کی یاد میں منعقد ہونے والے سیمینار میں پڑھے جانے والے مقالات ومضامین کو ہمارے فاضل دوست محمد فاروق قریشی نے حسن ذوق کے ساتھ مرتب کیا ہے جو حضرت مفتی صاحب کی زندگی، خدمات اور تعلیمات کے مختلف گوشوں کا احاطہ کرتے ہیں۔ سوا تین سو کے لگ بھگ صفحات کا یہ مجلد مجموعہ مفتی محمود اکیڈمی کراچی نے شائع کیا ہے۔ اس کی قیمت دو سو روپے ہے اور مندرجہ بالا پتہ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## سیرت نبوی پر القاسم اکیڈمی کی مطبوعات

خیر القرون سے اب تک سیرت طیبہ پر مختلف زبانوں میں ہزاروں کتب شائع ہو چکی ہیں، لیکن اپنی کم مائیگی کا احساس ہر سیرت نگار کو دامن گیر رہتا ہے اور خاتمہ کلام کے لیے اسے ''بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر'' ہی کا انتخاب کرنا پڑتا ہے۔ مولانا عبد القیوم حقانی ملک کے معروف مصنف ہیں اور مختلف موضوعات پر بیسیوں تصانیف ان کے حسن علم وقلم کا ثبوت ہیں۔ مولانا نے سیرت نبوی پر معروف ومتداول کتاب 'شمائل ترمذی' کی ضخیم شرح تقریباً ۱۶۰۰ صفحات میں تالیف کی ہے، تاہم عوام الناس کی سہولت کے پیش نظر اس کے بعض اجزا کو مستقل عنوانات کے تحت الگ شائع کیا گیا ہے۔ زیر تبصرہ تین کتب اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں۔

پہلی کتاب کا عنوان ''جمال محمد ﷺ کا دلربا منظر'' ہے اور اس میں نبی کریم ﷺ کے جسم اطہر کے تمام اعضاء کا ۲۲ احادیث کی روشنی میں مفصل ومدلل ذکر کیا گیا ہے۔ ابتدا میں قاری کی سہولت کی خاطر حدیث کے متعلق چند ضروری اصطلاحات کی وضاحت کی گئی ہے جبکہ بعض مقامات پر مشکل الفاظ کا مفہوم سہل انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ ۲۰۶ صفحات پر مشتمل مجلد کتاب کی قیمت ۱۲۰ روپے ہے۔

دوسری کتاب حصہ ''روئے زیبا ﷺ کی تابانیاں'' کے خوبصورت نام سے معنون ہے اور اس میں آپ ﷺ کی زلفوں، مانگ، تیل، کنگھی اور مسنون لباس سے متعلق شمائل کی ۴۸/احادیث کی عالمانہ توضیح وتشریح کی گئی ہے۔ ۱۵۶ صفحات پر مشتمل اس مجلد کتاب کی قیمت ۹۹ روپے ہے۔

''آفتاب نبوت ﷺ کی ضیاء پاشیاں'' کے عنوان سے تیسری کتاب میں مولف نے حضور نبی کریم ﷺ کے پسندیدہ کھانے، مرغوب مشروبات، پسندیدہ پھل، کھانے پینے اور مہمان نوازی کے مسنون آداب کے ضمن میں شمائل کی ۷۷/احادیث کی سلیس تشریح کی ہے۔

مصنف کا انداز بیان عمدہ اور عشق نبوی ﷺ سے بھرپور ہے اور یہ کتب مجموعی لحاظ سے عوام وخواص اور طلبا، سب کے لیے یکساں مفید ہیں۔ رنگین اور دیدہ زیب سرورق نے کتب کی خوبصورتی میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ تینوں کتب القاسم اکیڈمی، جامعہ ابو ہریرہؓ خالق آباد نوشہرہ نے شائع کی ہیں۔

(ادارہ)



© rasailojaraid.com